# واک ان انٹرویو

## برائے انسداد ڈینگی پروگرام ڈسٹرکٹ اسلام آباد

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس اسلام آباد کو (خالصتاً، عارضی) ڈیلی ویجز کی بنیاد پر 89 دن کے لیے ہنگامی طور پر سینٹری پٹرول (مرد/خواتین) کی آسامیوں کے لیے امیدوار درکار ہیں جو کہ انسداد ڈینگی کے سلسلے میں کام کریں گے۔ سینٹری پٹرول (مرد/خواتین) کی آسامیوں کے انٹرویو کے لیے دیہی مرکز صحت (RHC) ترلائی اسلام آباد میں مورخہ 25-03-2025 اور کیمونٹی ہیلتھ سینٹر (CHC) روات اسلام آباد میں 26-03-2025 کو دفتری اوقات صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک تشریف لائیں (انٹرویو شیڈول ساتھ لف ہے) تفصیلات درج ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | نام آسامی | عمر کی حد | تعداد آسامی | مطلوبہ قابلیت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سینٹری پٹرول (مرد/خواتین) | 18 تا 30 سال | 500 | 1۔ میٹرک پاس<br>2۔ ذاتی سمارٹ فون رکھنے والے امیدواران ہی اہل ہونگے<br>3۔ ڈینگی مہم میں سابقہ تجربہ رکھنے والے امیدواران کو ترجیح دی جائے گی۔<br>4۔ ذاتی موٹر سائیکل رکھنے والے مرد حضرات کو ترجیح دی جائے گی۔ |

**بھرتی کی شرائط/نمایاں خصوصیات:۔**

1۔ دیگر شرائط بعد از تعیناتی حکومت کے مجوزہ قواعد وضوابط کے مطابق ہوگی اور تعیناتی کے آرڈرز میں درج ہوگی۔

2۔ مذکورہ بھرتی خالصتاً عارضی ہوگی اور بھرتی ہونے کی صورت میں کسی بھی امیدوار کو اپنی بھرتی کو کنٹریکٹ یا ریگولر سروس میں تبدیل کروانے کا حق حاصل نہ ہوگا۔

3۔ ڈیوٹی کا دورانیہ زیادہ سے زیادہ 89 دن ہوگا اور پہلا دن بھرتی آرڈر میں درج تاریخ سے تصور کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں محکمے کو شائع شدہ اشتہار/آسامیوں کی تعداد میں بغیر کسی نوٹس ترمیم کا حق حاصل ہے۔ نیز کسی بھی آسامی کی درخواست کو بلا اظہار وجوہ مسترد کیا جاسکتا ہے۔

4۔ غیر حاضری کی صورت میں کٹوتی ہوگی اور ناقص کارکردگی کی صورت میں فوری برطرف کیا جائیگا۔

5۔ ضلع اسلام آباد کی متعلقہ یونین کونسلز کے امیدواروں کو ترجیح دی جائیگی۔

6۔ یومیہ تنخواہ حکومت پاکستان کی مجوزہ پالیسی/قانون، ڈیلی ویجز ریٹ کے مطابق ہوگی۔

7۔ انٹرویو کیلئے کوئی علیحدہ کال لیٹر جاری نہیں کئے جائیں گے اور انٹرویو کیلئے آنے جانے کا کوئی خرچہ نہیں دیا جائے گا۔

8۔ بوقت انٹرویو امیدواران اپنے اصل کاغذات، سادہ کاغذ پر درخواست بمعہ شناختی کارڈ تعلیمی اسناد اور ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں، 02 پاسپورٹ سائز تصاویر ہمراہ لائیں۔ بصورت دیگر انٹرویو کے اہل نہ ہونگے۔

المشتہر: ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، اسلام آباد

(051-9260285)

# انٹرویو شیڈول برائے انسداد ڈینگی پروگرام ڈسٹرکٹ اسلام آباد

ضروری ہدایات برائے امیدواران

(سینٹری پٹرول) ڈیلی ویجز سٹاف

ڈیلی ویجز (سینٹری پٹرول مرد/خواتین) پر بھرتی کے لیے انٹرویوز درج ذیل شیڈول کے مطابق ہونگے۔

| نام پوسٹ | انٹرویو کی تاریخ | انٹرویو کا مقام |
|---|---|---|
| سینٹری پٹرول (مرد/خواتین) | 25-03-2025 | دیہی مرکز صحت ترلائی (RHC)، پارک روڈ نزد ترامڑی چوک، اسلام آباد |
| سینٹری پٹرول (مرد/خواتین) | 26-03-2025 | کمیونٹی ہیلتھ سینٹر روات (CHC)، مین جی ٹی روڈ نزد روات بازار، اسلام آباد |

☆ تمام امیدواران کو ہدایت دی جاتی ہے کہ اپنے اصل کاغذات، سادہ کاغذ پر درخواست بمعہ شناختی کارڈ تعلیمی اسناد اور ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں، 02 پاسپورٹ سائز تصاویر ہمراہ لائیں۔ بصورت دیگر انٹرویو کے اہل نہ ہونگے۔

☆ نظم وضبط اور امن کی فضا کو قائم رکھنے کے لیے تمام امیدواران کو تلقین کی جاتی ہے کہ دفتری سٹاف سے مکمل طور پر تعاون کریں۔

☆ ہر امیدوار کو ایک ہی بار اور پر دیے گیے سینٹرز میں سے کسی ایک میں انٹرویو دینے کی اجازت ہوگی۔

**ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، اسلام آباد**